# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 23

### متن

ہمارے چچا جان کے ایک دوست حیدرآباد میں رہتے ہیں۔ ان کی بیٹی کی شادی میں شرکت کے لیے چچا جان کو حیدرآباد جانا ہے۔ ان کی فیملی میں بیگم، دو بیٹیاں اور ایک بیٹا شامل ہیں۔ اس کے علاوہ دادا جان اور دادی جان بھی چچا جان کے ساتھ رہتے ہیں لیکن وہ اس لمبے سفر پر نہیں جا رہے۔ حیدرآباد کراچی سے بہت دور نہیں لیکن وہاں پہنچنے میں کم از کم تین گھنٹے لگتے ہیں۔ چچا جان نے سفر کی مکمل تیاری کی۔ چچی جان نے راستے میں کھانے کے لیے سینڈوچ اور کباب بنا کر رکھ لیے ہیں۔ اور پانی کی بوتلیں بھی رکھی ہیں۔ وہ اپنا کیمرا بھی ساتھ لے جا رہے ہیں تاکہ سفر کے دوران تصویریں لیں۔ اس کے علاوہ وہ شادی کی تصویریں بھی کھینچیں گے۔ دادی جان نے انہیں سفر پر جانے سے پہلے دعا دی کہ وہ خیریت سے جائیں اور خیریت سے واپس آئیں۔

### سوالات

### سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)

ہمارے چچا جان کے ایک ______ حیدرآباد میں رہتے ہیں۔ ان کی بیٹی کی شادی میں ______ کے لیے چچا جان کو حیدرآباد جانا ہے۔ ان کی فیملی میں بیگم، دو بیٹیاں اور ایک بیٹا ______ ہیں۔ اس کے علاوہ دادا جان اور دادی جان بھی چچا جان کے ساتھ ______ ہیں لیکن وہ اس لمبے سفر پر نہیں جا رہے۔ حیدرآباد ______ سے بہت دور نہیں لیکن وہاں پہنچنے میں کم از کم تین ______ لگتے ہیں۔ چچا جان نے سفر کی مکمل ______ کی۔ چچی جان نے راستے میں کھانے کے لیے سینڈوچ اور ______ بنا کر رکھ لیے ہیں۔ اور پانی کی بوتلیں بھی رکھی ہیں۔ وہ اپنا کیمرا بھی ساتھ لے جا رہے ہیں تاکہ سفر کے ______ تصویریں لیں۔ اس کے علاوہ وہ شادی کی تصویریں بھی کھینچیں گے۔ دادی جان نے انہیں سفر پر جانے سے پہلے دعا دی کہ وہ ______ سے جائیں اور خیریت سے واپس آئیں۔

### سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)

ا۔ ہمارے چچا جان کے ایک دوست حیدرآباد میں رہتے ہیں۔

کریم آباد　　　　حیدرآباد　　　　کراچی

۲۔ ان کی فیملی میں بیگم، دو_______ اور ایک بیٹا شامل ہیں۔

بچیاں لڑکیاں بیٹیاں

۳۔ اس کے _____ دادا جان اور دادی جان بھی چچا جان کے ساتھ رہتے ہیں۔

بجائے خیال سے علاوہ

۴۔ وہاں ______ میں کم از کم تین گھنٹے لگتے ہیں۔

جانے پہنچنے کھانے

۵۔چچا جان نے سفر کی ______ تیاری کی۔

پوری آج مکمل

۶۔ چچی جان نے ______ میں کھانے کے لیے سینڈوچ اور کباب بنا کر رکھ لیے ہیں۔

راستے ٹرین سفر

۷۔ وہ اپنا _____ بھی ساتھ لے جا رہے ہیں۔

کیمرا تکیہ ڈبہ

۸۔ وہ شادی کی تصویریں _____ کھینچیں گے۔

کیوں بھی نہیں

۹۔ دادی جان نے انہیں _____ پر جانے سے پہلے دعا دی۔

باہر نہر سفر

۱۰۔ وہ خیریت سے جائیں اور خیریت سے ______ آئیں۔

واپس گھر جا کر

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ اپنے دادی دادا کے ساتھ رہتے ہیں؟

آپ کے ددھیال میں سب سے زیادہ آپ کو کون پسند ہے؟

***************************************